ماہنامہ آستانہ زکریا ملتان | مدیر اعلیٰ مخدوم زادہ محمد سجاد حسین صاحب قریشی تقطیع کلاں ضخامت ۴۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت پانچ روپیہ سالانہ پتہ:- دفتر آستانہ زکریا۔ شہر ملتان (پاکستان)۔

ملتان کی سرزمین کو حضرت مخدوم بہاء الدین زکریا رحمۃ اللہ علیہ جو کبار اولیاء اللہ میں سے تھے آپ کی آرام گاہ ہونے کا شرف وفخر حاصل ہے اسی مناسبت سے اس ماہنامہ کا نام بھی آستانہ زکریا رکھا گیا ہے، اور اسی مناسبت سے اس میں دوسرے مختلف قسم کے مفید اور دل چسپ مضامین کے علاوہ خاص تصوف اور ارباب معرفت کے متعلق دو تین مضمون ہر اشاعت میں ہوتے ہیں آخر میں چند صفحات سندھی زبان میں بھی ہوتے ہیں رسالہ بحیثیت مجموعی دلچسپ، مفید اور معلومات آفریں ہے۔

معارف الحدیث جلد دوم | مرتبہ مولانا محمد منظور نعمانی تقطیع کلاں ضخامت ۲۴۰ صفحات کتابت وطباعت اعلیٰ قیمت مجلد ہے، ساڑھے پانچ روپے پتہ:- کتب خانہ الفرقان کچہری روڈ۔ لکھنؤ

مولانا محمد منظور صاحب نعمانی نے احادیثِ صحیحہ کا انتخاب اردو ترجمہ اور تشریح کے ساتھ شائع کرنے کا ایک مفید سلسلہ شروع کیا ہے اس سلسلہ کی پہلی جلد کئی سال ہوتے شائع ہوچکی ہے اور برہان میں اُس پر تبصرہ بھی ہوچکا ہے اب یہ دوسری جلد شائع ہوئی ہے جو کتاب الرقاق اور کتاب الاخلاق اور ان کے ماتحت بیسیوں ابواب پر مشتمل ہے۔ فاضل مرتب کا اصل مقصد چونکہ دلوں میں خوفِ آخرت۔ اور خوفِ خدا پیدا کر کے مسلمانوں کو سیرۃً وعملاً مسلمان بنانا ہے اس لئے انھوں نے ایسی ہی احادیث کا انتخاب کیا ہے جن سے یہ مقصد بوجہِ احسن حاصل ہو متنِ حدیث کے ساتھ اُس کا اردو ترجمہ اور اُس کی تشریح اس انداز میں کی گئی ہے کہ عقلی اور کلامی بحثوں کے خارزار سے بچ کر سیدھی سیدھی باتیں دل پر اثر انداز ہوں اور سعید روحیں اُن سے اثر پذیر ہو کر اپنی اصلاح کی طرف متوجہ ہوں۔ اب تک

ہمارا ذخیرۂ احادیث صرف علماء اور عربی خواں حضرات کے لئے مخصوص تھا۔ مگر اب بحمداللہ یہ سرمایہ اُردو میں منتقل ہونا شروع ہو گیا ہے اور اس کا یقیناً مسلمانوں کی عام دینی زندگی اور مذہبی فکر و شعور پر اچھا اثر پڑے گا ضرورت اس کی ہے کہ مسلمان ان کتابوں کا مطالعہ کریں اور اپنی روزمرہ کی مصروفیات میں سے چند لمحے روزانہ ان کتابوں کے مطالعہ کے لئے بھی پابندی سے نکالیں، شروع میں مولانا ابوالحسن علی کے قلم سے ایک مختصر مقدمہ بھی ہے۔

حیاتِ وحید الزماں | تقطیع کلاں ضخامت ۱۶۵ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت للعہ پتہ:- نور محمد اصح المطابع و کارخانۂ تجارت کتب آرام باغ کراچی۔

مولانا وحید الزماں وقار نواز جنگ حیدرآباد کے بڑے فاضل اور صاحب علم بزرگ تھے ۱۹۲۰ء میں وفات پائی علومِ اسلامیہ و دینیہ میں کامل دستگاہ رکھتے تھے اور مولانا فضل الرحمٰن صاحب گنج مرادآبادی کے حلقۂ ارشاد و ہدایت سے وابستہ ہونے کے باعث اہلِ دل اور صاحبِ باطن بھی تھے۔

مولانا کا خاص ذوق علومِ قرآن و حدیث کو اُردو میں منتقل کرنا تھا چنانچہ ان کی اکثر کتابیں اسی سلسلہ کی ہیں ان میں اہم کارنامہ صحاح ستہ کا اردو میں ترجمہ، تبویب القرآن اور وحید اللغات ہے جو ۲۸ جلدوں میں ہے۔ اردو کے علاوہ موصوف نے عربی میں بھی چند رسالے لکھے ہیں جو فقہ پر ہیں۔ مولانا عبدالحلیم چشتی نے اس کتاب میں موصوف کے سوانح اور علمی کارنامے بڑی تحقیق اور جامعیت سے بیان کئے ہیں اور بڑا کمال یہ ہے کہ علمی دیانت کو کہیں ہاتھ سے نہیں جانے دیا چنانچہ مولانا مرحوم کی تالیفات پر تبصرے کے سلسلے میں لائق مصنف کو جہاں کچھ امور قابلِ اعتراض نظر آئے انھوں نے اس کی صاف نشان دہی کی ہے۔ سوانح نگاری کا یہ خالص علمی اور غیر جانب دارانہ طریقہ اس عہد کے بہت سے سوانح نگاروں کے لئے سبق آموز ہوگا۔ امید ہے کہ اربابِ ذوق اس کتاب کی قدر کریں گے۔

تانیبلنے | ترجمہ المنبہات۔ تالیف زین القضاۃ احمد بن محمد الحجی۔